سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و کرامات کا اوّلین مستند مجموعہ

قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبد القادر گیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا اردو ترجمہ

غوثِ جیلانی



تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز 11 گنج بخش روڈ۔ لاہور فون : 7313885

سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و کرامات کا اوّلین مستند مجموعہ

قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبد القادر گیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا اردو ترجمہ

غوثِ جیلانی

تصنیف

علامہ محمد بن یحییٰ تاذفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ترجمہ: علامہ محمد عبد الستار قادری

ترتیب و تدوین: سید محمد صداقت رسول

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز - ۱۱ - گنج بخش روڈ - لاہور

فون: ۷۳۱۳۸۸۵

تزئین و اہتمام

سید شجاعت رسول قادری

نام کتاب ——— قلائد الجواہر فی مناقب شیخ عبدالقادرؒ

مصنف ——— علامہ محمد بن یحییٰ التازفیؒ

مترجم ——— علامہ مولانا عبدالستار قادری

کمپوزنگ ——— words maker Lhr.

بارسوم ——— فروری 2002ء

تعداد ——— 1100

مطبع ——— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

قیمت ——— 120 روپے

ملنے کا پتہ

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

11 گنج بخش روڈ لاہور فون 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون 626046

آپ جیسے مراتب و مناصب دیگر مشائخین میں سے اور کسی کو حاصل نہیں ہوئے، پھر ہم نے تنہائی میں شیخ علی بن ادریس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آپ کے اس بیان کی نسبت دریافت کیا تو آپ نے فرمایا: کہ آپ نے جو کچھ بیان کیا وہ آپ اپنے مشاہدے اور اپنے اس علم کے ذریعہ سے بیان کیا جو آپ کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے، آپ اپنے اقوال و افعال میں صادق اور نہایت نیک و صالح بزرگ ہیں۔

چالیس سال تک عشاء کے وضو سے فجر کی نماز پڑھنا

ابو الفتح ہروی بیان کرتے ہیں کہ میں سیدی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں چالیس سال تک رہا۔ اس مدت تک میں نے دیکھا کہ آپ ہمیشہ عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتے رہے۔ آپ کا دستور تھا کہ جب وضو ٹوٹ جاتا تو آپ فوراً وضو کر لیا کرتے اور وضو کر کے آپ دو رکعت نفل تحیۃ الوضو پڑھا کرتے تھے اور شب کو آپ کا قاعدہ تھا کہ عشاء کی نماز پڑھ کر آپ اپنے خلوت خانہ میں داخل ہو جاتے تھے اور پھر صبح کی نماز کے وقت آپ وہاں سے نکلا کرتے تھے۔ اس وقت آپ کے پاس کوئی نہیں جا سکتا تھا یہاں تک کہ خلیفہ بغداد شب کو آپ سے ملنے کی غرض سے کئی دفعہ حاضر ہوا، مگر طلوع فجر سے پہلے کبھی خلیفہ موصوف کی آپ سے ملاقات نہ ہوئی۔

آسمانوں میں آپ کا لقب ـــــ باز اشہب

شیخ ابو سلیمان المنجی بیان کرتے ہیں کہ میں ایک وقت شیخ کی خدمت میں حاضر تھا اس وقت آپ سے بیان کیا گیا کہ بغداد میں ایک شریف نوجوان کی جس کا کہ عبدالقادر نام ہے بڑی شہرت ہو رہی ہے آپ نے فرمایا: کہ اس کی شہرت آسمان میں سے بھی زیادہ ہے ملائے اعلیٰ میں یہ نوجوان باز اشہب کے لقب سے پکارا جاتا ہے، عنقریب ایک زمانہ آئے گا کہ امر ولایت انہیں کی طرف منتہی ہو جائے گا اور انہیں سے صادر ہوا کرے گا۔ شیخ عقیل پہلے بزرگ ہیں کہ جنھوں نے آپ کو باز اشہب کے لقب سے یاد